مرتب کی یہ کوشش بڑی مفید ہے۔

البیرونی اصلاً ترکستان کے علاقہ خوارزم کا تھا۔ وہ ۳۶۲ھ / ۹۷۳ء میں پیدا ہوا ۵۱ سال کا تھا کہ وہ غزنی میں سلطان محمود کے دربار میں پہنچا وہاں وہ ہندوستان گیا۔ ہندوستان سے لوٹا تو ساٹھ سال کا تھا۔ اس کے سترہ سال بعد جب وہ ۷۷ سال کا تھا کہ اس کا انتقال ہوا۔

زیر نظر کتاب کا ایک بڑا حصہ یعنی ۱۰۷ سے صفحہ ۴۰۸ تک کتاب الہند سے اقتباسات پر مشتمل ہے۔ انہیں پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ البیرونی کی اس دور کے ہندوستان کے متعلق کتنی وسیع، گہری اور حقیقت رس معلومات تھیں، اور وہ انہیں اکٹھا کرنے اور بیان کرنے میں کتنا بے تعصب اور حق پسند ہے، اس نے سب سے پہلے سنسکرت پڑھی اور ہندوؤں کے متعلق جو کچھ لکھا، ان کی کتابیں پڑھ کر اور ان سے سن کر لکھا اور بقول جرمن مستشرق ایڈورڈ سخا جس نے البیرونی کی دو کتابوں الآثار الباقیہ اور کتاب الہند کو نہایت اہتمام سے شائع کرایا اور ان کے جرمن اور انگریزی ترجمے کرائے، البیرونی نے کتاب الہند میں بالکل بے تعصبی اور غیر جانبداری کے ساتھ اس دور کے ہندوستان کی تہذیب و تمدن کی تصویر پیش کی ہے۔

البیرونی نے کتاب الہند کے شروع میں لکھا ہے:۔ یہ کتاب بحث و مناظرہ کی کتاب نہیں ہے کہ ہم مخالف کے دلائل بیان کرکے جو ان میں سے حق کے خلاف ہیں، ان کی تردید کریں۔ یہ صرف نقل و حکایت کی کتاب ہے۔ ہم ہندوؤں کا قول اس کی اصلی صورت میں بیان کرکے، ہندوؤں اور یونانیوں کی باہمی مشابہت دکھلانے کے لئے اس کے ساتھ اس قسم کے یونانیوں کے اقوال کو بیان کریں گے۔

اس محققانہ اور غیر جانبدارانہ نقطۂ نظر سے البیرونی نے کتاب الہند لکھی، جس کے کثیر التعداد اقتباسات آپ کو زیر نظر کتاب میں ملیں گے۔

دعوۃ الحق

دارالعلوم دیوبند نے اس نام سے عربی زبان میں اپنا سہ ماہی "مجلہ اسلامیہ" نکالا ہے زیر نظر شمارہ اس کا پہلا نمبر ہے۔ اس کے ۴۸ صفحے ہیں۔ گو لیتھو میں چھپا ہے۔ لیکن کتابت و طباعت میں خاص اہتمام کیا گیا ہے۔ اور سرورق بڑا جاذب ہے

یہ بڑی خوشی کی بات ہے کہ برصغیر پاک و ہند کی سب سے بڑی دینی درس گاہ دیوبند نے عربی میں ایک مجلہ نکالنے کی ضرورت محسوس کی، جس میں جیسا کہ افتتاحیہ میں بتایا گیا ہے ایک تو برصغیر کے علماء کے سوانح اور ان کی دینی و علمی خدمات پر مقالات ہوں گے تاکہ عربی و اسلامی دنیا ان سے واقف ہو سکے، دوسرے اہل ہند کے لئے عرب اصحاب علم کے بلند پایہ مضامین شائع کئے جائیں گے۔ اور اس سلسلے میں کوشش یہ ہو گی کہ "دعوۃ الحق" علمائے ہند اور عربی و اسلامی دنیا کے علماء کے درمیان دینی و ثقافتی رابطے کا ذریعہ بنے۔

مولانا منت اللہ رحمانی رئیس امارت شرعیہ بہار نے "دعوۃ الحق" کے نام اپنے پیغام میں بالکل بجا تحریر فرمایا ہے کہ عربی زبان کی محض اب دینی حیثیت ہی نہیں بلکہ وہ ایک زندہ زبان ہے، جس کا دائرہ بڑا وسیع ہے اور وہ عہد حاضر کی سب سے ترقی یافتہ زبانوں میں سے ایک ہے۔ دارالعلوم دیوبند نے عربی میں اپنا یہ مجلہ شائع کر کے نہ صرف اپنی درس گاہ کو بلکہ پورے برصغیر پاک و ہند کے علمی ماضی کو دنیائے عرب و اسلام سے متعارف کرانے کا مستحسن اقدام کیا ہے۔ اور ہم اس پر اسے مبارک باد دیتے ہیں۔

"رجال الدین والعلم" کے عنوان کے تحت ایک مضمون الشیخ عبدالحق محدث دہلوی پر ہے۔ ایک مضمون مولانا محمد قاسم نانوتوی کے فارسی مضمون "اسرار قرآنی" کا عربی ترجمہ ہے اسی طرح بعض دوسرے مضامین ہندوستان کے ممتاز علماء کے قلم سے ہیں

افتتاحیہ میں رسالے کے رئیس التحریر مولانا وحید الزماں کیرانوی نے دارالعلوم دیوبند کا تعارف کراتے ہوئے لکھا ہے کہ برصغیر کے علمائے کبار اور مصلحین عظام میں سے ایک حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی تھے، جنہوں نے اپنے وقت میں علمی و فکری بیداری کی بنا ڈالی اور اس سرزمین میں نئے سرے سے ارکان اسلام کے استحکام، دعوت اسلام کے احیاء اور دینی روح کو زندہ کرنے کے لئے جد و جہد کی، حضرت شاہ صاحب، ان کے صاحبزادوں اور ان کے سلسلہ علمی کے دوسرے بزرگوں کا ذکر کرنے کے بعد مولانا کیرانوی تحریر فرماتے ہیں کہ برصغیر میں انگریزوں کے کامل تسلط ہو جانے کے بعد مولانا محمد قاسم جنہوں نے شاہ ولی اللہ کے مکتب فکر سے استفادہ کیا تھا۔ اور علوم اسلامیہ میں انہیں